معز امجد

# قریش کے بارے میں ایک روایت

www.javedahmadghamidi.com
www.ghamidi.net

## روایت کا مضمون

عبدالرزاق، رقم ۱۹۸۹۶ کے مطابق بیان کیا جاتا ہے:

روی أن رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم قال: صلب الناس قریش وھل یمشی الرجل بغیر صلب؟

''روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لوگوں کی ریڑھ کی ہڈی قریش ہیں تو کیا ریڑھ کی ہڈی کے بغیر لوگ چل سکتے ہیں؟''

یہ روایت بعض اختلافات اور اضافوں کے ساتھ احمد بن حنبل، رقم ۲۴۵۰۱ اور معجم الاوسط، رقم ۳۰۶۶ میں بھی نقل ہوئی ہے۔

## روایت پر تبصرہ

مذکورہ بالا روایات میں سے دو روایات قابل اعتماد راویوں سے روایت نہیں ہوئیں، جبکہ تیسری روایت کی سند منقطع ہے۔ عبدالرزاق کی روایت زید بن اسلم نے براہ راست نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کی ہے، حالانکہ اس نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اس روایت کو نہیں سنا، اس لیے یہ سند منقطع ہے۔ احمد بن حنبل اور معجم الاوسط کی روایات کو ایک

ہی راوی عبداللہ بن المؤمل نے نقل کیا ہے جس کے بارے میں اہل علم کی رائے یہ ہے کہ وہ قابل اعتماد راوی نہیں ہے۔[1]

## نتیجۂ بحث

یہ روایت چونکہ کسی قابل اعتماد سند سے نقل نہیں ہوئی، اس لیے اس کے بارے میں یہ بات اعتماد کے ساتھ نہیں کہی جا سکتی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی نسبت درست ہے۔

تخریج: محمد اسلم نجمی

کوکب شہزاد

ترجمہ وترتیب: اظہار احمد

www.javedahmadghamidi.com
www.ghamidi.net

[1] تفصیل کے لیے دیکھیے: الضعفاء الکبیر ۲/ ۳۰۲، الکامل فی الضعفاء ۴/ ۱۳۵، المجروحین ۲/ ۲۷، الضعفاء لنسائی ۱/ ۶۲، تقریب التہذیب ۱/ ۳۲۵، تہذیب الکمال ۱۶/ ۱۸۷، تہذیب التہذیب ۶/ ۴۲، الکاشف ۱/ ۶۰۱، الجرح والتعدیل ۵/ ۱۷۵۔